صدر ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست جنرل کونسلر سراج الدین شیخ کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اراکین قومی اسمبلی

ایم کیوایم کو عوام کی بلاتفریق خدمت کے عمل سے روکنے کیلئے سازشی عناصر قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں

کراچی۔۔۔15، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ صدر ٹاؤن یونین کونسل نمبر 6 کے حق پرست جنرل کونسلر سراج الدین شیخ کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور ایم کیوایم کے کارکنان سمیت ان کے عزیز واقارب کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی عدالتی تحقیقات کرا کر اس میں ملوث سفاک عناصر کو کیفر کردار تک پہچایا جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے کارکنان دن رات عوام کے مسائل اور ان کی پریشانیوں کے حل کیلئے کوشاں ہیں اور دوسری طرف حق پرست قیادت کی جانب سے بلاتفریق عوام کے بنیادی مسائل تیزی سے حل ہونے کا عمل ایم کیوایم اور عوام دشمن سازشی عناصر کیلئے پریشانی کا باعث بنا ہوا ہے اور ایم کیوایم کو عوام کی بلاتفریق خدمت کے عمل سے روکنے کیلئے سازشی عناصر قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ قتل وغارتگری کے ذریعے ایم کیوایم کو نہ تو کل عوام کی بلاتفریق خدمت کے عمل سے روکا جاسکا ہے اور نہ ہی آج سازشی عناصر اپنے مذموم عزائم میں کامیاب ہوں گے ۔انہوں نے حق پرست جنرل کونسلر سراج الدین شیخ شہید کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت کیلئے دعا کی ۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ حق پرست جنرل کونسلر سراج الدین شیخ کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ بند کرایا جائے اور قتل وغارتگری میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا سے ہمکنار کیا جائے ۔

ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن، لانڈھی اور بلدیہ ٹاؤن سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن یونٹ 7 کے کارکن محمد اسلام کی والدہ محترمہ بخت سلطانہ بی بی، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے کارکن خدا بخش کے والد بارو، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن یونٹ B-112 کے کارکن اورنگزیب کے بھائی عالمگیر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

کے ای ایس سی کی کئی ماہ کی ناقص کارکردگی دیکھنے کے بعد اس کو فی الفور قومی تحویل میں لیا جائے، حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی

کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے تسلسل کے باعث عوام میں پائے جانے والے اشتعال اور بے چینی پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔15، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے تسلسل کے باعث عوام میں پائے جانے والے اشتعال اور بے چینی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کا بحران متعلقہ ادارے اور اعلیٰ حکام کی جانب سے کئے جانے والے دعوؤں اور وعدوں کے باوجود ہنوز برقرار ہے جس کے باعث شہری سرگرمیاں بری طرح سے متاثر ہو رہی ہیں، کاروباری، صنعتی، تعلیمی سرگرمیاں تباہی کے دھانے تک پہنچ چکی ہیں، اسپتال میں مریض بے حال ہیں اور ضروری آپریشن بھی ملتوی کئے جا رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے ضروری ہے کہ بجلی کا بحران ہنگامی بنیادوں پر حل کرایا جائے اور اس سلسلے میں جتنی جلد ممکن ہو سکے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں ۔حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے صدر مملکت آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کے ای ایس سی کی نااہلی اور مجرمانہ غفلت کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس ادارے کی کئی ماہ کی ناقص کارکردگی دیکھنے کے بعد اس کو فی الفور قومی تحویل میں لیا جائے اور شہریوں کو بجلی کے بحران سے نجات دلائی جائے ۔

☆☆☆☆☆